رول نمبر: ____________

دستخط طالب علم: ____________

سالانہ امتحان2023ء/1444ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: عالمیہ سال دوم   پرچہ: تیسرا   مضمون: جامع الترمذی

تاریخ: 27-02-2023   دن: پیر   کل وقت: 30 منٹ   کل نمبر: 25

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط ممتحن: ____________

KANZUL MADARIS BOARD

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: "لا تقبل صلوۃ بغیر طھور ولا صدقۃ من ۔۔۔۔"

(الف) الصوم   (ب) الزکوۃ   (ج) غلول   (د) الحج

سوال نمبر 2: "نقیا" کا معنی ہے۔

(الف) نمازی   (ب) صائم   (ج) پاک صاف   (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 3: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا اصل نام ہے۔

(الف) عبداللہ   (ب) عبدالرحمٰن   (ج) عثمان   (د) ثوبان

سوال نمبر 4: "تحلیلھا التسلیم" میں ھا ضمیر کا مرجع ہے۔

(الف) زکوۃ   (ب) طہارت   (ج) صلوۃ   (د) صدقہ

سوال نمبر 5: "فیافی" کا معنی ہے۔

(الف) جنگل   (ب) سمندر   (ج) پہاڑ   (د) صحراء

سوال نمبر 6: "فالقی الروثۃ وقال انھا"

(الف) نجس   (ب) کسب   (ج) رکس   (د) فسق

سوال نمبر 7: وضو سے پہلے بسم اللہ پڑھنا ہے۔

(الف) فرض   (ب) سنت   (ج) مستحب   (د) مباح

سوال نمبر 8: وضو کے بعد اعضائے وضو کو رومال سے صاف کرنا ہے۔

(الف) جائز   (ب) ناجائز   (ج) مکروہ تحریمی   (د) واجب

سوال نمبر 9: بعض اہل علم کے نزدیک ہر نماز کے لیے تازہ وضو کرنا ہے۔

(الف) مستحب   (ب) واجب   (ج) فرض   (د) مباح

سوال نمبر 10: "قیل یا رسول اللہ ﷺ انتوضا من بئر ۔۔۔۔"

(الف) زمزم   (ب) عثمان   (ج) بضاعۃ   (د) علی

سوال نمبر 11: "ھو الطھور ماءہ الحل میتتہ" ھو ضمیر کا مرجع ہے۔

(الف) العین   (ب) النھر   (ج) ماء السماء   (د) البحر

CamScanner

سوال نمبر 12: "غلس" کا معنی ہے؟

(الف) روشنی (ب) اندھیرا (ج) چراغ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 13: "اسفروبالفجر فانہ اعظم۔۔۔۔"

(الف) للثواب (ب) للصلاۃ (ج) للاجر (د) للجماعۃ

سوال نمبر 14: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے نزدیک "صلوۃ الوسطی" ہے۔

(الف) نماز عصر (ب) نماز مغرب (ج) نماز فجر (د) نماز ظہر

سوال نمبر 15: "یااباذر امراءیکونون بعدی یمیتون الصلوۃ" یمیتون سے مراد ہے۔

(الف) نماز کا ترک کرنا (ب) نماز کا فاسد کرنا (ج) نماز کا قضاء کرنا (د) نماز میں سستی کرنا

سوال نمبر 16: احناف کے نزدیک نماز مغرب کی اذان واقامت کے درمیان نماز پڑھنا ہے۔

(الف) مکروہ تنزیہی (ب) مکروہ تحریمی (ج) حرام (د) ناجائز

سوال نمبر 17: "الاذان مثنی مثنی والاقامۃ مرۃ مرۃ" یہ حدیث کس امام کی دلیل ہے؟

(الف) امام شافعی (ب) امام اعظم (ج) امام سفیان ثوری (د) امام کرخی

سوال نمبر 18: "من اذن۔۔۔۔محتسبا کتبت لہ براءۃ من النار"

(الف) اربع سنین (ب) سبع سنین (ج) خمس سنین (د) عشر سنین

سوال نمبر 19: جماعت کیساتھ نماز پڑھنا تنہا پڑھنے سے افضل ہے۔

(الف) پچیس گنا (ب) ستائیس گنا (ج) دس گنا (د) ستر گنا

سوال نمبر 20: دعا رد نہیں ہوتی۔

(الف) فجر کے بعد (ب) اذان کے بعد (ج) اذان واقامت کے دوران (د) مذکورہ دونوں کے بعد

سوال نمبر 21: "یتجر" کس باب سے ہے؟

(الف) انفعال (ب) تفعیل (ج) افتعال (د) افعال

سوال نمبر 22: صف کے پیچھے تنہا نماز پڑھنا ہے۔

(الف) مکروہ (ب) حرام (ج) ناجائز (د) مستحب

سوال نمبر 23: "لاتجزی صلوۃ الابقراءۃ"

(الف) السورۃ (ب) الفاتحۃ (ج) یسین (د) البقرۃ

سوال نمبر 24: "عن عباس قال: "امر النبی ﷺ ان یسجد علی۔۔۔۔اعضاء"

(الف) خمسۃ (ب) سبعۃ (ج) اربعۃ (د) ثلاثۃ

سوال نمبر 25: احناف کے نزدیک تعدیل ارکان ہیں۔

(الف) فرض (ب) مستحب (ج) واجب (د) جائز

CS CamScanner

الاختبار السنوي: 2023م/1444هـ
كنز المدارس (إدارة تعليمية مسجلة)

الفصل: عالمية سنة ثانية | الورقة: الثالثة | المادة: جامع الترمذي
التاريخ: 27-02-2023 | اليوم: الاثنين | مدة الامتحان: ساعتان ونصف | مجموع الدرجات: 75

رقم الجلوس: ____________
رقم ورقة الإجابة: ____________

KANZUL MADARIS BOARD

أسئلة قصيرة (Short Questions)

ملاحظة: أجب عن خمسة عشر سؤالاً لكلّ سؤال ثلاث درجات (15x3=45)

السؤال الأوّل: قال النبي ﷺ: "مفتاح الصلاة الطهور وتحريمها التكبير وتحليلها التسليم" ترجم إلى الأردية.

السؤال الثاني: "لاتستنجوا بالروث ولا بالعظام فإنه زاد إخوانكم من الجن" شكل الحديث.

السؤال الثالث: قال رسول الله ﷺ: "الأذنان من الرأس" ما المراد بالأذنين من الراس؟ وضح ذلك.

السؤال الرابع: "كان يتوضأ بالمدّ ويغتسل بالصاع" ماهو مقدار المدّ والصاع؟

السؤال الخامس: ما المراد بالجامع في كتب الحديث؟

السؤال السادس: "ولا صدقة من غلول" اذكر معنى الغلول في ضوء الحديث.

السؤال السابع: اذكر دليلاً على جواز السمر بعد العشاء.

السؤال الثامن: متى يجوز الجمع بين الصلاتين عند الإمام أبي حنيفة والشافعي؟

السؤال التاسع: قال رسول الله ﷺ: " خير صفوف الرجال أولها وشرها آخرها وخير صفوف النساء آخرها وشرها أولها" وضّح هذا الحديث.

السؤال العاشر: اكتب فضيلة التكبيرة الأولى في ضوء "جامع الترمذي".

السؤال الحادي عشر: "إن النبي ﷺ اعتمر أربع عمر" متى اعتمر النبي ﷺ أربع عمر؟

السؤال الثاني عشر: عن ابن عمر أن رجلا قال: من أين نهل يا رسول الله؟ فقال: "يهلّ أهل المدينة من ذي الحليفة" اذكر مواقيت الإحرام لأهل الآفاق.

السؤال الثالث عشر: عن أبي بكر الصديق أن رسول الله سئل: أيّ الحج أفضل؟ قال: "العج والثج" ما المراد بالعج والثج؟

السؤال الرابع عشر: قال رسول الله ﷺ: "إن أحب الناس إلى يوم القيامة وأدناهم منه مجلسا أمام عادل وأبغض الناس إلى الله وأبعدهم منه مجلسا إمام جائر" ترجم إلى الأردية.

السؤال الخامس عشر: قال رسول الله ﷺ: "من سأل القضاء وكل إلى نفسه ومن أجبر عليه ينزل الله عليه ملكا فيسدّده" شكل الحديث.

السؤال السادس عشر: اذكر دية الجنين في ضوء الحديث.

السؤال السابع عشر: "أن رجلا عض يد رجل فنزع يده فوقعت ثناياه" شكل الحديث.

السؤال الثامن عشر: "ليس على خائن ولا منتهب ولا مختلس قطع" ترجم الحديث إلى الأردوية.

السؤال التاسع العاشر: سألت النبي عن المعراض فقال: "ما أصبت بحدّه فكل وما أصبت بعرضه فهو وقيذ" ترجم الحديث إلى الأردوية.

السؤال العشرون: "مثل أمتي مثل المطر لايدرى أوله خير أم آخره" شكل الحديث.

أسئلة طويلة (Long Questions)

ملاحظة: أجب عن ثلاثة أسئلة لكلّ سؤال عشر درجات (3x10=30)

السؤال الأوّل: عن ابن عمر رضي الله عنه قال: سمعت رسول الله ﷺ وهو يسأل عن الماء يكون في الفلاة من الأرض وماينوبه من السباع والدواب قال: "إذا كان الماء قلتين لم يحمل الخبث" متى ينجس الماء بوقوع النجاسة فيه؟ اذكر اختلاف الأئمة مع الدلائل.

السؤال الثاني: اكتب مقالاً وجيزاً عن القراءة خلف الإمام مع الدلائل.

السؤال الثالث: اذكر أقسام الحج واختلافاً في أفضلية أنواعه.

السؤال الرابع: عن علي قال: قال لي رسول الله: "إذا تقاضى إليك رجلان فلا تقض للأول حتى تسمع كلام الآخر فسوف تدري كيف تقضي" قال علي: "فمازلت قاضيا بعد" شكل الحديث وترجمه إلى الأردية.

السؤال الخامس: "من قال في القرآن بغير علم فليتبوأ مقعده من النار" شكل الحديث وترجمه إلى الأردية وماهو حكم التفسير؟

CamScanner

مختصر سوالات

(سوال نمبر 1)

ج:- نبی مکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا:- طہارت نماز کی کنجی ہے اور اس کا تحریمہ "اللہ اکبر" کہنا اور اس کو حلال کر دینے والی چیز سلام پھیرنا ہے۔

(سوال نمبر 2)

ج:-

لَا تَسْتَنْجُوا بِالرَّوْثِ وَلَا بِالْعِظَامِ فَإِنَّهُ زَادُ إِخْوَانِكُمْ مِنَ الْجِنِّ ۔

(س نمبر 3)

ج:-

وقال بعض اهل العلم:- ما اقبل من الاذنین فمن الوجہ۔

بعض اہل علم فرماتے ہیں کہ کانوں کا سامنے والا حصہ چہرے میں سے ہے۔

اور "الاذنان من الرأس" سے بھی یہی مراد ہے۔

(س نمبر 4)

ج:-

بعض اہل علم کے نزدیک وضو ایک مُد سے اور غسل ایک صاع سے کیا جائے۔

مُد ایک رطل کا اور تہائی رطل کا ہوتا ہے اور صاع 4 مُد کا ہوتا ہے۔

CamScanner

❀ (س نمبر 5) ❀

جامع اس کتاب کو کہتے ہیں جس میں اسلام سے متعلق تمام موضوعات مثلاً : عقائد، احکام، تفسیر، جنت، دوزخ وغیرہ سے تعلق رکھنے والی احادیث بیان کی گئی ہوں مثلاً : جامع الترمذی ۔

❀ (س نمبر 6) ❀

"غُلُول" سے مراد حرام مال ہے یعنی صدقہ حرام مال سے قبول نہیں کیا جاتا ۔

❀ (س نمبر 7) ❀

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ :- كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَسْمُرُ مَعَ اَبُوْبَكْرٍ فِي الْاَمْرِ مِنَ اَمْرِ الْمُسْلِمِيْنَ وَاَنَا ~~معهما~~ مَعَهُمَا ۔

حضرت عمر بن خطاب فرماتے ہیں کہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم مسلمانوں کے بعض معاملات میں سے ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ رات کو گفتگو فرماتے اور میں آپ دونوں کے ساتھ ہوتا ۔

سوال نمبر 8

احناف کے نزدیک 2 نمازوں کو ایک ساتھ جمع کر کے پڑھنا عرفہ کے سوا جائز نہ ہے۔
شوافع کے ہاں بارش وغیرہ ہو یا مریض ہو تو اس کے لیے "جمع بین الصلاتین" جائز ہے۔

سوال نمبر 9

مردوں کی سب سے بہترین صف پہلی اور سب سے بدترین صف آخر والی ہے جب عورتوں کے لئے اس کے برعکس ہے۔
اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جب مرد نماز پڑھ رہا ہو تو اس کے لیے سب سے بہترین پہلی صف ہے کیونکہ وہاں امام کی قراءت بھی آسانی سے پہنچتی ہے اور برکات بھی نصیب ہوتی ہیں۔

سوال نمبر 10

حضرت انس بن مالک سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس نے اللہ پاک کی رضا کے لئے چالیس دن تک تکبیر اولی کے ساتھ نماز پڑھی تو اس کے لیے 2 قسم کی براءت لکھی جائیں گی ایک آگ سے اور دوسری نفاق سے۔

CS CamScanner

(س نمبر 11)

ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چار عمرے ادا فرمائے ① حدیبیہ کا عمرہ ② دوسرا عمرہ اگلے سال ذی القعدہ میں قضا کا عمرہ ③ تیسرا عمرہ جعرانہ کا ④ اور چوتھا عمرہ آپ نے اپنی حج کے ساتھ ادا فرمایا۔

(س نمبر 12)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم ہم احرام کہاں سے باندھیں؟ آپ نے فرمایا۔ اہل مدینہ ذوالحلیفہ سے شام والے جحفہ سے نجد والے قرن سے احرام باندھیں گے۔

راوی فرماتے ہیں کہ لوگوں کا کہنا ہے کہ یمن والے یلملم سے باندھیں گے۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ اہل مشرق کی میقات عقیق ہے۔ (ذات عرق)

(س نمبر 13)

"العج اور الثج" میں عج سے مراد کثرت سے تلبیہ پکارنا اور ثج سے مراد قربانی کرنا ہے۔

(س نمبر 14)

ج:-

حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ قیامت کے روز اللہ عزوجل کے ہاں لوگوں میں سب سے زیادہ محبوب اور بیٹھنے میں اس کے قریب عادل حکمران ہوگا اور اللہ کے ہاں لوگوں میں سب سے ناپسندیدہ اور دور بیٹھنے والا ظالم حکمران ہوگا۔

(س نمبر 15)

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَأَلَ الْقَضَاءَ وُکِلَ اِلٰی نَفْسِہٖ وَمَنْ اُجْبِرَ یُنْزِلُ اللّٰہُ عَلَیْہِ مَلَکًا فَیُسَدِّدُہٗ۔

(س نمبر 16)

حدیث پاک کے مطابق جنین (حمل) کی دیت (غُرّۃ) غلام یا لونڈی دینا ہے۔

(س نمبر 17)

عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ: اَنَّ رَجُلًا عَضَّ یَدَ رَجُلٍ فَنَزَعَ یَدَہٗ فَوَقَعَتْ ثَنِیَّتَاہُ۔

(س نمبر 18)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خیانت کرنے والے ڈاکہ زنی کرنے والے اور اچک کر لے جانے والے کی سزا ہاتھ کاٹنا نہیں ہے۔

(س نمبر 19)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بغیر پَر کے تیر کے شکار سے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: جسے تم نے دھار سے مارا ہے اسے کھاؤ اور جسے عرض (چوڑان) سے مارا ہے تو وہ وقیذ (یعنی جسے لاٹھی اور پتھر وغیرہ سے مارا گیا ہو) ہے۔

(س نمبر 20)

مَثَلُ اُمَّتِی مَثَلُ الْمَطَرِ لَا یُدْرٰی اَوَّلُہٗ خَیْرٌ اَمْ اٰخِرُہٗ ۔

CamScanner

طویل سوالات

(س نمبر 1)

جواب:-

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ سے اس پانی کے بارے میں پوچھا گیا جو میدان والی زمین میں ہوتا ہے اور جس پر درندے چوپائے آتے جاتے ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر پانی 2 قلے ہو تو وہ گندگی کو اثر انداز ہونے نہیں دے گا اسے دفع کر دے گا۔

محمد بن اسحاق کہتے ہیں قلہ سے مراد گھڑے ہیں قلہ وہ ڈول ہے جس سے باغات اور کھیتوں کی سینچائی کی جاتی ہے۔ یہی قول امام شافعی، احمد بن حنبل اور اسحاق بن راہویہ کا ہے ان کا کہنا ہے کہ جب پانی 2 قلے ہوں تو اسے کوئی چیز نجس نہیں کر سکتی جب تک کہ اس کی بو یا مزہ نہ بدل جائے ان کی دلیل مذکورہ حدیث ہے۔

اور ان کا حضرات کا کہنا ہے کہ 2 قلہ 5 مٹک ہوتا ہے۔

(س نمبر 2)

احناف کے نزدیک قراءت خلف الامام جائز نہیں ہے

دلائل:-

ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہونے کے بعد جس نماز میں آپ نے بلند آواز سے قراءت کی تھی تو

CS CamScanner

فرمایا: کیا تم میں سے ابھی کسی نے میرے ساتھ قراءت کی ہے ایک شخص نے عرض کیا جی ہاں یا رسول اللہ تو آپ نے فرمایا جبھی میں بھی کہوں کہ کونسی چیز قرآن میں میرے ساتھ جھگڑ رہی ہے۔

دلیل نمبر② حدیث پاک ہے۔ من کان له امام فقراءت الامام له قراءة۔

جس کا امام ہو تو امام کی قراءت کی ہی اس کی قراءت ہے۔

جبکہ شوافع، حنابلہ، امام مالک، امام اسحاق بن راہویہ کہتے ہیں کہ امام کے پیچھے قراءت کی جائے گی۔

دلیل نمبر

لا صلاۃ الا بفاتحۃ الکتاب۔

° سورۃ فاتحہ کے بغیر کوئی نماز نہیں۔

دلیل②

جس نے نماز میں سورۃ فاتحہ کی قراءت نا کی تو اس نماز ناقص ہے مکمل نہیں۔

سوال نمبر 3

جواب:-

حج کی 3 اقسام ہیں۔

① حج افراد

② حج قران

③ حج تمتع

احناف اور اکثر اہل علم کے نزدیک حج قران افضل ہے اور حج قران یہ ہے کہ حج اور عمرہ دونوں کی نیت ایک ساتھ کرے اور قربانی کا جانور بھی ساتھ ہو۔

امام شافعی کہتے ہیں کہ حج افراد زیادہ افضل ہے۔ حج افراد یہ ہے کہ حج کے مہینوں میں صرف حج کی نیت سے احرام باندھے۔

امام شافعی کے ہاں پہلے افراد افضل ہے پھر تمتع پھر قرآن۔

امام سفیان ثوری فرماتے ہیں کہ حج ~~قران~~ افراد بہتر ہے حج قران کرو تو بھی بہتر ہے اور حج تمتع کرو تو بھی بہتر ہے۔

حج تمتع یہ ہے کہ حج کے مہینے میں میقات سے صرف عمرے کا احرام باندھے پھر مکہ میں جاکر عمرے کی ادائیگی کے بعد احرام کھول دے اور پھر آٹھویں تاریخ کو مکہ سے ہی نئے سرے سے احرام باندھے۔

صحیح قول کے مطابق نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے حج قران کرنا ثابت ہے جو کہ احناف کا قول ہے۔

درس نمبر 4

عَنْ عَلِیٍّ قَالَ : قَالَ لِی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ : اِذَا تَقَاضٰی اِلَیْکَ رَجُلَانِ فَلَا تَقْضِ لِلْاَوَّلِ حَتّٰی تَسْمَعَ کَلَامَ الْآخَرِ فَسَوْفَ تَدْرِی کَیْفَ تَقْضِی قَالَ عَلِیٌّ فَمَا زِلْتُ قَاضِیًا بَعْدُ ۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں مجھے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تمہارے پاس 2 آدمی فیصلے کے لیے آئیں تو تم پہلے کے حق میں فیصلہ نہ کرو یہاں تک کہ دوسرے کی بات سن لو عنقریب تم جان لو گے کہ تم کیسے فیصلہ کرتے ہو حضرت علی کہتے ہیں کہ میں اس کے بعد برابر فیصلے کرتا رہا ۔

درس نمبر 5

عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم مَنْ قَالَ فِی الْقُرْآنِ بِغَیْرِ عِلْمٍ فَلْیَتَبَوَّأْ مَقْعَدَہٗ مِنَ النَّارِ ۔

حضرت ابن عباس فرماتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے قرآن میں بغیر علم کے کچھ کہا تو وہ اپنا ٹھکانہ آگ میں بنا لے ۔

بغیر علم کے تفسیر کرنا حرام ہے ۔

سالانہ امتحان2024ء/1445ھ
کنزالمدارس بورڈ پاکستان

رول نمبر: ____________

درجہ: عالمیہ سال دوم | پرچہ: تیسرا | مضمون: جامع الترمذي
تاریخ: 17-02-2024 | دن: ہفتہ | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25
مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط ممتحن: ____________

دستخط طالب علم: ____________

KANZUL MADARIS BOARD

حصہ اول: معروضی
کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: نماز قبول نہیں کی جاتی ہے۔
(الف) بغیر غسل کے (ب) بغیر وضو کے (ج) بغیر مسح کے (د) بغیر مال کے

سوال نمبر 2: جب مسلمان وضو کرتا ہے اور چہرہ دھوتا ہے تو گناہ نکل جاتے ہیں۔
(الف) ہاتھوں کے (ب) سر کے (ج) پاؤں کے (د) چہرے کے

سوال نمبر 3: نبی پاک ﷺ قضائے حاجت کے بعد جب بیت الخلا سے نکلتے تو کہتے تھے۔
(الف) بسم اللہ (ب) اللہ اکبر (ج) غفرانک (د) الحمدللہ

سوال نمبر 4: "کان النبی ﷺ اذا اراد الحاجۃ لم یرفع۔۔۔"
(الف) یدہ (ب) ثوبہ (ج) رجلہ (د) حجرہ

سوال نمبر 5: "ان النبی ﷺ نہی ان یبول الرجل فی مستحمہ" یہاں "مستحمہ" کا معنی ہے۔
(الف) میدان (ب) صحن (ج) وضو خانہ (د) غسل خانہ

سوال نمبر 6: اگر کسی نے تسمیہ کو عمداً چھوڑ دیا تو وہ وضو کا اعادہ کرے گا یہ قول ہے۔
(الف) امام شافعی کا (ب) امام احمد (ج) امام اسحٰق (د) امام اعظم

سوال نمبر 7: "جاءنی جبرئیل فقال اذا توضات فانتضح" میں "فانتضح" کا معنی ہے۔
(الف) پانی گرادو (ب) ہاتھ صاف کرلو (ج) دامن صاف کرلو (د) شرمگاہ پر پانی چھڑکو

سوال نمبر 8: "لحوم الکلب والنتن" یہاں "نتن" کا معنی ہے۔
(الف) حیض کے کپڑے (ب) گوبر (ج) لید (د) بدبودار چیزیں

سوال نمبر 9: قال: "ان الوضوء لا یجب علی من۔۔۔"
(الف) اکل (ب) قام (ج) نام مضطجعا (د) نام قائماً

سوال نمبر 10: "انھم لم یروا الوضوء من مس الذکر"
(الف) عند الاحناف (ب) عند الشوافع (ج) عند المالکیہ (د) عند الحنابلہ

سوال نمبر 11: جس برتن کو کتا چاٹ لے اس کو کتنی مرتبہ دھونے کا حکم ہے؟
(الف) 3 مرتبہ (ب) 5 مرتبہ (ج) 7 مرتبہ (د) 9 مرتبہ

سوال نمبر 12: قال: "ان المؤمن۔۔۔"
(الف) لایجب (ب) لایحب (ج) لاینجس (د) لایطھر

سوال نمبر 13: جو حالت حیض میں جماع کرے اس کو کتنا صدقہ کرنے کا حکم ہے؟
(الف) نصف دینار (ب) ایک دینار (ج) دو دینار (د) 3 دینار

سوال نمبر 14: "انھا تدع الصلاۃ خمسین یوما اذالم تطھر" یہ قول ہے۔

(الف) امام شافعی (ب) امام اسحٰق (ج) امام حسن بصری (د) امام احمد

سوال نمبر 15: "اذا اشتد الحر فابردوا۔۔۔"

(الف) عن الوضو (ب) عن الغسل (ج) عن العصر (د) عن الظھر

سوال نمبر 16: نبی پاک ﷺ عشاء سے پہلے ناپسند کرتے تھے۔

(الف) کھانا (ب) باتیں کرنا (ج) سونا (د) ملاقات کرنا

سوال نمبر 17: قال رسول اللہ ﷺ: "صلاۃ الوسطی۔۔۔"

(الف) صلاۃ الظھر (ب) صلاۃ العصر (ج) صلاۃ الصبح (د) صلاۃ العشاء

سوال نمبر 18: "فانہ اندی" کا معنی ہے۔

(الف) پست (ب) بلند (ج) لمبا (د) قریب

سوال نمبر 19: "فی الاقامۃ ایضا یدخل اصبعیہ فی اذنیہ" یہ قول ہے۔

(الف) امام شافعی کا (ب) امام اسحٰق کا (ج) امام اوزاعی کا (د) امام مالک کا

سوال نمبر 20: "ابو تمیلہ"۔۔۔ کی کنیت ہے۔

(الف) علی بن واضح (ب) یحیٰی بن واضح (ج) سہیل بن احمد (د) یحیٰی بن احمد

سوال نمبر 21: "خیر صفوف النساء۔۔۔"

(الف) اولھا (ب) وسطھا (ج) آخرھا (د) اشرھا

سوال نمبر 22: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دوسری صف والوں کے لئے دعا کی۔

(الف) ایک مرتبہ (ب) دو مرتبہ (ج) تین مرتبہ (د) چار مرتبہ

سوال نمبر 23: "اذا کان الرجل مع الامام یقوم۔۔۔"

(الف) عن یمین الامام (ب) عن خلف الامام (ج) عن قبل الامام (د) عن شمال الامام

سوال نمبر 24: قال رسول اللہ ﷺ: "یؤم القوم۔۔۔"

(الف) اقرؤھم (ب) اعلمھم بالسنۃ (ج) اقدمھم بالھجرۃ (د) اکبرھم سنا

سوال نمبر 25: "ولا یفترش ذراعیہ۔۔۔"

(الف) افتراش الھرۃ (ب) افتراش الوس (ج) افتراش الکلب (د) افتراش الجمل

CS CamScanner

الاختبار السنوي: 2024م/1445ھ

كنز المدارس (إدارة تعليمية مسجلة)

الصف: شهادة العالمية السنة الثانية　　الورقة: الثالثة　　المادة: جامع الترمذي

التاريخ: 17-02-2024　　اليوم: السبت　　الزمن: ساعتان ونصف　　مجموع الدرجات: 75

KANZUL MADARIS BOARD

أسئلة قصيرة (Short Questions)

ملاحظة: أجب عن خمسة عشر سؤالاً مما يأتي، لكلّ سؤال ثلاث درجات (15x3=45)

السؤال الأوّل: «تحريمها التكبير وتحليلها التسليم». شكل الحديث، واذكر ما المراد بالتحريم والتحليل؟

السؤال الثاني: «قال: يا عمر، لا تبل قائما، فما بلت قائما بعد». اشرح هذا الحديث.

السؤال الثالث: لماذا نهى النبي صلى الله عليه وسلم عن البول في المغتسل؟

السؤال الرابع: «إذا توضأت فانتثر وإذا استجمرت فأوتر». شكل الحديث وترجم إلى الأردية.

السؤال الخامس: ما هو حكم أخذ ماء جديد لمسح الرأس عند الأحناف والشوافع؟

السؤال السادس: عن أبي سعيد قال: «جاء رجل وقد صلى رسول الله ﷺ فقال: أيكم يتجر على هذا؟ فقام رجل وصلى معه». ترجم إلى الأردية.

السؤال السابع: اذكر ترتيب الأحق بالإمامة في صلاة الجماعة وفقا للحديث الشريف.

السؤال الثامن: اذكر حديثا في ثواب الحج والعمرة.

السؤال التاسع: ما هي أقسام الحج؟ اذكرها مفصلا.

السؤال العاشر: قال رسول الله ﷺ: «الله مع القاضي ما لم يجر فإذا جار تخلى عنه ولزمه الشيطان». ترجم إلى الأردية.

السؤال الحادي عشر: «المسلمون على شروطهم إلا شرطا حرم حلالا أو أحل حراما». اشرح الحديث.

السؤال الثاني عشر: اذكر حكم الشفاعة في الحدود في ضوء الحديث.

السؤال الثالث عشر: عن ابن عمر رضي الله عنه: «أن النبي ﷺ ضرب وغرب». ما المراد بـ "غرب" في الحديث؟

السؤال الرابع عشر: عن عدي بن حاتم رضي الله عنه قال: «سألت النبي ﷺ عن صيد المعراض فقال: ما أصبت بحده فكل وما أصبت بعرضه فهو وقيذ». ترجم إلى الأردية.

السؤال الخامس عشر: فقال: «ما يقطع من البهيمة وهي حية فهو ميتة». اشرح الحديث.

السؤال السادس عشر: فسر مثال الصلوات الخمس الذي جاء في الحديث.

السؤال السابع عشر: قال رسول الله ﷺ: «إنما الناس كإبل مائة لا يجد الرجل فيها راحلة». فسر الحديث.

السؤال الثامن عشر: كم عمرا وهبه سيدنا آدم من عمره لسيدنا داود؟

السؤال التاسع عشر: «فلو لا أن الله قضى لأهل الجنة الحياة والبقاء لماتوا فرحا». ترجم إلى الأردية.

السؤال العشرون: «ما نتنزل إلا بأمر ربك». ما سبب نزول هذه الآية؟

أسئلة طويلة (Long Questions)

ملاحظة: أجب عن ثلاثة أسئلة، لكلّ سؤال عشر درجات (3x10=30)

السؤال الأوّل: عن أبي درداء: «أن رسول الله ﷺ قاء فتوضأ».
اذكر موقف الأحناف والشوافع بالدلائل حول انتقاض الوضوء بسبب القيء.

السؤال الثاني: عن النبي ﷺ قال: «لا صلاة لمن لم يقرأ بفاتحة الكتاب».
اذكر موقف الأحناف والشوافع بالدلائل عن قراءة الفاتحة خلف الإمام.

السؤال الثالث: اذكر شروط وجوب الحج وأدائه مفصلا.

السؤال الرابع: اذكر موقف الأئمة بالدلائل عن صلاة ركعتي الطواف بعد صلاة الفجر والعصر.

السؤال الخامس: اذكر كيفية مناسك الحج بالتفصيل.

CamScanner

مختصر سوالات

سوال نمبر 1

«تَحْرِيمُهَا التَّكْبِيرُ وَتَحْلِيلُهَا التَّسْلِيمُ»

نماز کی تحریمہ اللہ اکبر کہنا اور اور اس کو حلال کرنے والی چیز سلام پھیرنا ہے۔

یہاں تحریم سے مراد کلام وغیرہ کا حرام ہونا ہے یعنی جب بندے نے تکبیر تحریمہ "اللہ اکبر" کہا تو اس کے لئے وہ چیزیں حرام ہوگئیں جو نماز میں مباح نہیں اور تحلیل سے مراد نماز کا سلام پھیرنے سے وہ تمام چیزیں حلال ہوگئیں جو نماز میں مباح نہ تھیں۔

سوال نمبر 2

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر کو کھڑے ہو کر پیشاب کرتے ہوئے دیکھا تو فرمایا اے عمر کھڑے ہو کر پیشاب نہ کرو حضرت عمر کہتے ہیں کہ میں نے اس کے بعد کھڑے ہو کر پیشاب نہیں کیا۔

کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کی ممانعت ادب کے اعتبار سے ہے حرام نہیں ہے۔

CS CamScanner

سوال نمبر 3

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے غسل خانے میں پیشاب کرنے سے اس لئے منع فرمایا کہ زیادہ تر وسوسے اسے سے پیدا ہوتے ہیں۔

سوال نمبر 4

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اِذَا تَوَضَّأْتَ فَانْتَثِرْ وَاِذَا اسْتَجْمَرْتَ فَاَوْتِرْ۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم وضو کرو تو ناک جھاڑو اور جب استنجاء کرو تو ڈھیلے طاق عدد میں لو۔

سوال نمبر 5

اکثر اہل علم اور احناف کا یہی مذہب ہے کہ سر کے مسح کے لئے نیا پانی لیا جائے گا۔

شوافع کے ہاں نیا پانی نہیں لیا جائے گا۔

سوال نمبر 6

حضرت ابو سعید کہتے ہیں ایک شخص مسجد آیا تو حضور علیہ السلام نماز پڑھ چکے تھے تو آپ نے فرمایا اس کے ساتھ کون تجارت کرے گا ایک شخص کھڑا ہوا اور اس کے ساتھ نماز پڑھی

درس نمبر 7

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگوں کی امامت وہ کرے جو لوگوں میں قرآن پاک کا سب سے زیادہ علم رکھنے والا ہو اگر لوگ قرآن کے علم میں برابر ہوں تو ان میں سے جو زیادہ سنت کا جاننے والا ہو وہ امامت کرے اگر سنت کو جاننے میں بھی سب برابر ہوں تو ان میں سے سب سے پہلے جس نے ہجرت کی ہو ہو وہ امامت کرے اگر ہجرت میں بھی سب برابر ہوں تو ان میں سے جو عمر میں بڑا ہو وہ امامت کرے۔

درس نمبر 8

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ حج اور عمرہ ایک کے بعد دوسرے کو ادا کرو اس لئے کہ یہ دونوں فقر اور گناہوں کو اس طرح مٹا دیتے ہیں جیسے بھٹی لوہے سونے اور چاندی کے میل کو مٹا دیتی ہے اور حج مبرور کا بدلہ صرف جنت ہے۔

درس نمبر 9

حج کی 3 اقسام ہیں۔

1. حج افراد :- اکیلا حج کا احرام باندھنا حج افراد ہے۔
2. حج قران :- حج اور عمرہ کا احرام ایک ساتھ باندھنا اور قربانی بھی ساتھ لے جانا۔
3. حج تمتع :- حج کے مہینے میں صرف عمرے کا احرام باندھنا اور پھر کھول دینا اس کے بعد آٹھویں تاریخ کو حج کا احرام نئے سرے سے باندھنا

CamScanner

سوال نمبر 10

حضور علیہ السلام نے ارشاد فرمایا :- اللہ پاک قاضی کے ساتھ ہوتا ہے جب تک وہ ظلم نہ کرے اور جب وہ ظلم کرتا ہے تو اللہ پاک سے الگ ہوجاتا ہے اور شیطان اسے چمٹ جاتا ہے ۔

سوال نمبر 11

~~مسلمانوں~~ مسلمان اپنی شرطوں کے پابند ہیں سوائے ان شرطوں کے جو حلال کو حرام کر دے اور حرام کو حلال کر دے ۔

اس سے مراد یہ ہے کہ مسلمان ان شرائط کو ہرگز پورا نہ کریں گے جو شریعت کے احکامات سے ٹکرائیں گیں ۔

سوال نمبر 12

حدود کے معاملے میں کسی کی سفارش کرنا مکروہ ہے ۔

جیسا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیث پاک میں فرمایا کہ اگر میری بیٹی فاطمہ بنت محمد بھی چوری کرتی تو میں اس کے بھی ہاتھ کاٹنے کے بارے حکم دیتا ۔

درس نمبر 13

حدیث پاک میں لفظ (مُغَرَّب) سے مراد جلا وطن کرنا ہے۔

درس نمبر 14

عدی بن حاتم سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بغیر پر کے تیر کے شکار کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا جسے تم نے دھار سے مارا ہے اسے کھاؤ اور جو عرض (چوڑان) سے مارا ہے تو وہ وقیذ ہے۔

درس نمبر 15

زندہ جانور کا کاٹا ہوا گوشت بھی مردار ہے۔

یعنی جانور زندہ ہو اور اس کا کوئی حصہ کاٹ لیا جائے تو اس صورت میں مردار جانور کی طرح یہ کاٹا ہوا حصہ کھانا بھی حرام ہے۔

درس نمبر 16

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے حضور علیہ السلام نے فرمایا بھلا بتاؤ تو سہی کہ اگر تم میں سے کسی کے دروازے پر نہر ہو اور وہ اس میں روزانہ پانچ مرتبہ نہائے تو کیا اس کے جسم پر کوئی میل کچیل باقی رہے گا صحابہ نے کہا کہ اس کے جسم پر تھوڑا بھی میل نہ رہے گا تو آپ نے فرمایا یہی مثال پانچ نمازوں کی اللہ اس کی برکت سے گناہوں مٹا دیتا ہے۔

حدیث نمبر 17

حضور علیہ السلام نے فرمایا یہ لوگ سو اونٹ کی طرح ہیں آدمی ان میں سے ایک بھی سواری کے قابل نہیں پاتا۔

یعنی اچھے لوگ بہت کم ہیں۔

حدیث نمبر 18

حضرت آدم علیہ السلام نے اپنی زندگی کے 40 سال حضرت داؤد علیہ السلام کو ھبہ فرمائے۔

حدیث نمبر 19

اگر اللہ عزوجل جنتیوں کے لئے زندگی اور ہمیشہ کے لئے باقی رکھنے کا فیصلہ نہ فرماتا تو اھل جنت خوشی سے ہی مر جاتے۔

حدیث نمبر 20

اس آیت کا شان نزول یہ ہے کہ نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبریل علیہ السلام سے فرمایا کہ جتنا آپ ہمارے پاس آتے ہیں اس سے زیادہ آپ کے ہمارے پاس آنے سے کونسی چیز روکتی ہے اس پر آیت اتری۔

"وما نتنزل الا بامر ربک" ہم آپ کے رب کے حکم سے ہی اترتے ہیں۔

CS CamScanner

طویل سوالات

(س نمبر 1)

صحابہ کرام تابعین اور بہت سے اہل علم کی پیروی کے کہ قے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے یہی قول امام مبارک، احمد بن حنبل اور اسحاق بن راہویہ کا ہے۔

امام اعظم کے نزدیک جب قے منہ بھر ہو تو وہ وضو کو توڑ دے گا اور ایسی قے جو منہ بھر نہ ہو ناقض وضو نہ ہے۔

دلیل:- ان النبی قاء فتوضأ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قے کی پھر وضو فرمایا۔

شوافع:-

قے اگرچہ منہ بھر ہو وضو نہیں توڑتی۔

دلیل:-

غزوہ ذات الرقاع میں ایک شخص کو تیر آکر لگا اور خون بہنے لگا اس حال میں کہ وہ شخص نماز پڑھ رہا تھا خون بہنے کے باوجود اس نے نماز جاری رکھی اور اسی حالت میں رکوع و سجود کرتا رہا۔

اور یقیناً اس بات کا علم حضور علیہ الصلوۃ والسلام کو بھی ہوا ہوگا لیکن اس کے باوجود حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے اسے نماز لوٹانے کا حکم نہ دیا۔

سوال نمبر 2

ج:۔

احناف کا موقف:۔

امام کے پیچھے مقتدی قراءت نہیں کرے گا امام کی قراءت مقتدیوں کو کفایت کرے گی۔

دلائل:۔ من کان له امام فقراءته له قراءة۔

جس کا امام ہو تو امام کی قراءت ہی مقتدی کی قراءت ہے۔

دوسری دلیل بھی حدیث مبارکہ ہے کہ نبی پاک نے نماز کے فارغ ہونے کے بعد پوچھا کہ تم میں سے کس نے میرے ساتھ قراءۃ کی ہے تو ایک شخص نے عرض کیا جی ہاں یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم تو آپ نے فرمایا "مالی انازع من القرآن" کہ میں بھی تو کہوں کہ قرآن میں سے کونسی چیز میرے ساتھ جھگڑ رہی ہے۔

شوافع کا موقف:۔

امام کے پیچھے سورہ فاتحہ کی قراءت کرنا واجب ہے اس کے بغیر نماز نہ ہوگی۔

دلیل:۔

لا صلاۃ الا بفاتحۃ الکتاب۔

سورہ فاتحہ کے بغیر کوئی نماز تمام نہیں۔

(س نمبر 3)

حج کے واجب ہونے کی چند شرائط ہیں۔

1. مسلمان ہونا۔
2. دار طرب میں سے ہو تو یہ بھی جانتا ہو کہ حج فرض ہے۔
3. عاقل ہونا۔
4. بالغ ہونا۔
5. آزاد ہونا۔
6. تندرست ہونا۔
7. زاد راہ پر قدرت ہونا۔
8. وقت (حج کے مہینے کا پایا جانا)

حج کے فرائض یہ ہیں۔

1. احرام باندھنا ② وقوف عرفہ ③ طواف زیارۃ۔

حج زندگی میں ایک بار فرض ہے۔

CamScanner

(درس نمبر ۱۵)

مکہ میں عصر کے بعد اور نماز فجر کے بعد طواف کی دو رکعتوں کے بارے میں اہل علم کا اختلاف ہے۔

چنانچہ شوافع، حنابلہ اور امام اسحاق بن راہویہ کے نزدیک فجر کے بعد نماز پڑھنے اور طواف کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

دلیل:

نبی پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا:

اے بنی عبد مناف! دن یا رات کسی حصے میں بھی کسی کو اس کے گھر کا طواف کرنے اور نماز پڑھنے سے نہ روکو۔

جبکہ احناف کے نزدیک اگر فجر کے بعد طواف کرے تو سورج نکلنے تک کوئی نماز نہ پڑھے اور اگر عصر کے بعد طواف کرے تو ~~زوال شمس تک~~ سورج ڈوبنے تک کوئی نماز نہ پڑھے۔

دلیل:

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فجر کے بعد طواف کیا اور نماز نہ پڑھی پھر مکہ سے نکلے یہاں تک کہ وادی ذی طوی میں اترے اور سورج نکلنے کے بعد نماز پڑھی۔

یہ قول امام مالک بن انس اور امام سفیان ثوری کا بھی ہے۔

سوال نمبر 5

میقات سے عمرہ کے لئے احرام باندھ کر عمرے کی نیت کرنا ہے پھر عمرہ کے لئے طواف کرنا ہے طواف کے بعد مقام ابراھیم یا اس کی سیدھ میں کہیں بھی 2 رکعت طواف کی پڑھنی ہے پھر عمرہ کے لئے صفا مروہ کی سعی کر کے حلق یا تقصیر کرنا ہے اب عمرہ مکمل ہوا۔

آٹھ ذی الحجہ کو احرام باندھ کر حج کی نیت کر کے منی کی طرف روانہ ہونا ہے اور 8 ذوالحجہ کا دن منی میں گزارنا ہے۔

پھر 9 ذوالحجہ کو عرفات کے لئے نکلنا ہے پھر 9 ذوالحجہ کو سورج غروب ہونے کے بعد مغرب کی نماز پڑھے بغیر مزدلفہ جانا ہے۔

مزدلفہ پہنچ کر مغرب اور عشاء جماعت کے ساتھ پڑھنا ہے رات مزدلفہ میں گزار کر دس ذوالحجہ کو سورج طلوع ہونے کے بعد مزدلفہ سے نکلنا ہے

اور 10 ذوالحجہ کو رمی جمرات کر کے حج تمتع کے لئے قربانی کرنی ہے پھر حج کے لئے حلق یا تقصیر کروانا ہے پھر احرام اتار دینا ہے اور حج کا طواف افاضہ کر کے مقام ابراھیم کے پاس یا اس کی سیدھ میں 2 رکعت طواف واجب پڑھنا ہے پھر حج کے لئے صفا مروہ کی سعی کر کے پھر منی جا کر 11 - 12 ذوالحجہ کو زوال کے بعد بالترتیب تینوں شیطانوں کو 7-7 کنکریاں مارنی ہیں 13 ذوالحجہ کو کنکریاں مارنا افضل ہے پھر واپسی کے لئے طواف وداع کرنا ہے۔

حج تمتع پورا ہوا اور مناسک حج بھی۔

سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

KANZUL MADARIS BOARD

درجہ: عالمیہ سال دوم | پرچہ: تیسرا | مضمون: جامع الترمذی | رول نمبر: ________

تاریخ: 06-02-2025 | دن: جمعرات | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

مرکز امتحان: ________ دستخط نگران مرکز امتحان: ________ دستخط ممتحن: ________ دستخط طالب علم: ________

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: "الکنیف" کا معنی ہے۔

(الف) روکنا (ب) بیت الخلاء بنانا (ج) ہاتھ کا چلو بنانا (د) دشمن سے بچاؤ کی آڑ

سوال نمبر 2: "أن رسول اللہ ﷺ أتی ---قوم فبال علیھا قائما"

(الف) سُبَاط (ب) بُسَاط (ج) سُبَاطَة (د) سُبَاتَط

سوال نمبر 3: آپ ﷺ نے ہڈی سے استنجاء کرنے سے منع فرمایا؛ کیونکہ وہ تمہارے بھائی --- کی خوراک ہے۔

(الف) جن (ب) جن و فرشتہ (ج) فرشتہ (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 4: امام شافعی علیہ الرحمۃ نے کہا کہ کلی کرنا اور ناک میں پانی چڑھانا ایک ہی چلو سے --- ہے۔

(الف) جائز (ب) ناجائز (ج) مکروہ (د) واجب

سوال نمبر 5: "صدغیہ" کا معنی ہے۔

(الف) کنپٹیاں (ب) راستہ سے ہٹنا (ج) مائل ہونا (د) کسی بات سے ہٹانا

سوال نمبر 6: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے وضو سے بچے ہوئے پانی کو ---

(الف) بیٹھ کر پیا (ب) کھڑے ہو کر پیا (ج) زمین پر انڈیلا (د) نہیں پیا

سوال نمبر 7: "المندیل" کا معنی --- ہے۔

(الف) خوشبو (ب) رومال سے ہاتھ پونچھنا (ج) آلودہ ہونا (د) رومال

سوال نمبر 8: --- نے فرمایا: "کہ کانوں کے اگلے حصے کا مسح چہرے کے ساتھ اور پچھلے حصے کا مسح سر کے ساتھ کرنا مجھے پسند ہے"۔

(الف) امام اعظم (ب) امام اسحاق (ج) امام مالک (د) امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہم

سوال نمبر 9: آپ ﷺ --- پانی سے وضو فرمایا کرتے تھے۔

(الف) ایک مد (ب) دو مد (ج) تین مد (د) چار مد

سوال نمبر 10: آپ علیہ السلام نے آدمی کا عورت کی طہارت سے بچے ہوئے پانی سے وضو کرنے ---

(الف) کا حکم دیا (ب) کو جائز رکھا (ج) سے منع فرمایا (د) کو مستحب رکھا

سوال نمبر 11: "--- نے فرمایا: "جو بیٹھ کر سویا پھر خواب دیکھا اس پر وضو کرنا لازم ہے"۔

(الف) امام احمد (ب) امام ابو حنیفہ (ج) امام شافعی (د) امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہم

سوال نمبر 12: --- کے نزدیک اپنی شرمگاہ کو چھونے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔

(الف) امام اوزاعی (ب) امام شافعی (ج) امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہم (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر13:"الرعاف" کا معنی ہے۔

(الف) ناک (ب) بہنا (ج) نکسیر پھوٹنا (د) ناک کو زخمی کرنا

سوال نمبر14:۔۔۔کے نزدیک نبیذ سے وضو ہو جاتا ہے۔

(الف) امام اعظم (ب) امام سفیان ثوری (ج) امام ابو یوسف (د) امام محمد رحمۃ اللہ علیہم

سوال نمبر15:"وأنقوا البشر" کا مطلب ہے۔

(الف) بشر کو خوشخبری دو (ب) جلد کو بھگو دو (ج) جلد کو صاف کرو (د) جلد کو تر کرو

سوال نمبر16:"حیض کی کم از کم مدت تین دن اور زیادہ سے زیادہ دس دن ہے"۔ یہ قول۔۔۔کا ہے۔

(الف) اہل کوفہ (ب) امام شافعی علیہ الرحمۃ (ج) امام مالک علیہ الرحمۃ (د) امام اوزاعی علیہ الرحمۃ

سوال نمبر17:"حُتِّيهِ" کا معنی ہے۔

(الف) اس کو رگڑو (ب) اس کو انگلی سے ملو (ج) اس پر پانی بہاؤ (د) اس کو خشک کرو

سوال نمبر18: گندے راستوں پر سے گزرنے والوں پر وضو کرنا۔۔۔ہے۔

(الف) فرض (ب) واجب (ج) سنت (د) مستحب

سوال نمبر19: چوری کرنے والے کے ہاتھوں کو کلائیوں تک کاٹنا۔۔۔ہے۔

(الف) فرض (ب) واجب (ج) سنت (د) مستحب

سوال نمبر20: فجر کی نماز میں "إسفار" کے قائل ہیں۔

(الف) امام اعظم (ب) امام اوزاعی (ج) امام مالک (د) امام شافعی رحمۃ اللہ علیہم

سوال نمبر21: عصر کی نماز میں تاخیر کرنا امام شافعی علیہ الرحمۃ کے نزدیک ہے۔

(الف) مستحب (ب) واجب (ج) مکروہ (د) سنت

سوال نمبر22: فجر کی نماز کے بعد کوئی اور نماز پڑھنا۔۔۔ہے۔

(الف) مستحب (ب) سنت (ج) مکروہ (د) مباح

سوال نمبر23: بعض اہل علم کے نزدیک "جمع بين الصلاتين"۔۔۔میں ہی ہوتا ہے۔

(الف) حالتِ خوف (ب) میدانِ عرفہ (ج) حالتِ حضر (د) حالتِ امن

سوال نمبر24:"اذان کے 19 اور اقامت کے 17 کلمات ہیں"۔ یہ۔۔۔کی روایت ہے۔

(الف) حضرت ابو محذورہ (ب) حضرت عبد الرزاق (ج) حضرت سفیان ثوری (د) عبد اللہ بن زید رضی اللہ عنہم

سوال نمبر25: بغیر وضو اذان دینا امام شافعی کے نزدیک ہے۔

(الف) مکروہ (ب) مباح (ج) سنت (د) مستحب

CamScanner

أسئلة قصيرة (Short Questions)

ملاحظة: أجب عن خمسة عشر سؤالاً مما يأتي، لكلّ سؤال ثلاث درجات (15x3=45)

السؤال الأول: قال النبي ﷺ:"الأذنان من الرأس".اشرح الحديث.

السؤال الثاني: ما حكم قراءة القرآن للحائض والجنب؟

السؤال الثالث: قال رسول الله ﷺ:"إذا اشتد الحر فأبردوا عن الصلاة فإن شدة الحر من فيح جهنم".شكل الحديث وترجم إلى الأردية.

السؤال الرابع: ما أفضل أوقات الصلاة وفقا لقول الإمام الشافعي؟

السؤال الخامس:"كان بعض أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم يصلون ركعتين قبل صلاة المغرب بين الأذان والإقامة.اشرح ذلك.

السؤال السادس: ما معنى الحجة المبرورة وفضلها؟

السؤال السابع: ما أفضل أنواع الحج؟

السؤال الثامن: ما حكم صيد البحر للمحرم أثناء الإحرام؟

السؤال التاسع: ما حكم الصلاة والطواف بعد العصر والفجر عند الإمام الشافعي؟

السؤال العاشر: ما حكم الصلاة المكتوبة والنفل في الكعبة عند الأحناف؟

السؤال الحادي عشر: قال جابر رضي الله عنه:"نحر رسول الله ﷺ عام الحديبية البقرة عن سبعة والبدنة عن سبعة". اشرح الحديث مع ذكر قول الإمام إسحاق.

السؤال الثاني عشر: من هم الأشخاص الذين لا يجب عليهم إقامة الحد؟

السؤال الثالث عشر: قال رسول الله ﷺ:"إذا زنت أمة أحدكم فليجلدها ثلاثاً بكتاب الله فإن عادت فليبعها ولو بحبل من شعر".ترجم الحديث إلى الأردية.

السؤال الرابع عشر: قال رسول الله ﷺ:"ذهبت النبوة وبقيت المبشرات".ما المراد بالمبشرات في الحديث؟

السؤال الخامس عشر: قال رسول الله ﷺ:"من حمل علينا السلاح فليس منا".اشرح الحديث.

السؤال السادس عشر: متى يكون للقاضي أجر واحد ومتى يكون له أجران؟

السؤال السابع عشر: متى يحكم القاضي على المدعي أو المدعى عليه؟

السؤال الثامن عشر: ما حكم تخليل الأصابع في الوضوء؟

السؤال التاسع عشر: ما هو سبب نزول الآية:﴿وَٱتَّخِذُواْ مِن مَّقَامِ إِبۡرَٰهِـۧمَ مُصَلًّى﴾؟

السؤال العشرون: ما هو سبب نزول الآية:﴿فَلَا جُنَاحَ عَلَيۡهِمَآ أَن يُصۡلِحَا بَيۡنَهُمَا صُلۡحٗا﴾؟

أسئلة طويلة (Long Questions)

ملاحظة: أجب عن ثلاثة أسئلة، لكلّ سؤال عشر درجات (3x10=30)

السؤال الأول: ما هي كيفية غسل الجنابة وفقا للسنة؟اكتب مفصلا.

السؤال الثاني: ما حد الزاني المحصن؟اذكر بالتفصيل وفق الحديث الشريف.

السؤال الثالث: ما هي الدواب التي يجوز للمحرم قتلها أثناء الإحرام؟أجب وفق الحديث الشريف.

السؤال الرابع: هل مس الذكر ينقض الوضوء في حال الصلاة أو في غيرها؟اذكر موقف الأئمة الأربعة بالدلائل.

السؤال الخامس: ما المراد بالصلاة الوسطى عند الأئمة الأربعة؟أجب بالدلائل.

CamScanner

مختصر سوالات

(س نمبر 1)

ج:

بعض اہل علم فرماتے ہیں "الاذنان من الرأس"
یہاں کانوں کا سر سے ہونا اس سے مراد یہ ہے کہ "ما اقبل من الوجہ"
کہ چہرے کا سامنے والا حصہ بھی چہرے میں سے ہے۔

(س نمبر 2)

جنبی اور حائضہ قرآن پاک نہیں پڑھ سکتے نہ دیکھ کر اور نہ ہی زبانی۔
حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ حائضہ اور جنبی قرآن میں سے کچھ نہ پڑھیں۔

(س نمبر 3)

ج:

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمْ
اِذَا اشْتَدَّ الْحَرُّ فَاَبْرِدُوْا عَنِ الصَّلَاةِ فَاِنَّ شِدَّةَ الْحَرِّ مِنْ فَیْحِ جَهَنَّمَ۔
حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے حضور علیہ السلام نے فرمایا جب گرمی سخت ہو تو نماز کو ٹھنڈا کر کے پڑھو کیونکہ گرمی کی شدت جہنم کی بھاپ سے ہے۔

سوال نمبر 4

امام شافعی کے ہاں فجر غلس "اندھیرا" میں پڑھنا افضل ہے۔

ظہر اول وقت میں یعنی جب سورج ڈھل جائے۔

عصر تعجیل کے ساتھ یعنی جلدی پڑھنا افضل ہے۔

مغرب اس وقت پڑھنا افضل ہے جب سورج ڈوب جائے۔

عشاء کو تہائی رات تک مؤخر کر کے پڑھنا افضل ہے۔

سوال نمبر 5

ج:۔

بعض صحابہ کرام مغرب کی نماز سے پہلے دو رکعت ادا کیا کرتے تھے اور بعض صحابہ کرام نے نماز مغرب سے پہلے کوئی بھی نماز پڑھنے کو درست نہ کہا ہے۔

سوال نمبر 6

حج مبرور وہ حج ہے کہ جس میں حاجی اللہ پاک کی نافرمانی کا کوئی ارتکاب نہ کرے۔

حج مبرور کا ثواب جنت ہی ہے۔

سوال نمبر 7

حج کی اقسام میں سے اصح قول کے مطابق حج قران افضل ہے اور نبی کریم علیہ السلام سے سوال کیا گیا کہ کونسی حج افضل ہے آپ فرمایا "العج والثج" یعنی جس میں کثرت سے تلبیہ پکارا گیا ہو اور کثرت سے خون بہایا گیا ہو۔

سوال نمبر 8

ج:

ایک حدیث پاک کے مطابق محرم کو احرام کی حالت میں سمندر کا شکار کرنے اور اسے کھانے کی اجازت دی گئی ہے۔

سوال نمبر 9

امام شافعی کے نزدیک نماز فجر اور عصر کے بعد نماز پڑھنے اور طواف کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

سوال نمبر 10

احناف کے نزدیک کعبہ کے اندر نفل نماز اور فرض نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

سوال نمبر 11

اونٹ اور گائے کی قربانی میں سات سات افراد شرکت کر سکتے ہیں۔

امام شافعی فرماتے ہیں:

اونٹ اور گائے کی قربانی میں سات سات لوگ شرکت کر سکتے ہیں۔

سوال نمبر 12

حدیث پاک میں ہے کہ 3 لوگ مرفوع القلم ہیں یعنی ان پر حد نہیں لگائی جائے گی

1. سونا والا یہاں تک کہ بیدار ہو جائے۔
2. بچہ جبکہ بالغ ہو جائے۔
3. دیوانہ جب تک سمجھ بوجھ والا ہو جائے۔

سوال نمبر 13

حضور علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ جب تم میں سے کسی کی لونڈی زنا کرے تو اسے تین مرتبہ تک کتاب اللہ کے مطابق کوڑے لگاؤ اگر وہ پھر زنا کرے تو اسے بیچ دو خواہ گندھے ہوئے بالوں کی رسی کی قیمت کے برابر۔

CamScanner

درس نمبر 14

بقیت المبشرات سے

سے مراد مومن / مسلم کا خواب ہے اور حدیث پاک

میں اسے نبوت کے اجزاء میں سے ایک جزء قرار دیا گیا ہے۔

درس نمبر 15

یعنی جو مسلمانوں کے خلاف ناحق تلوار اٹھائے وہ ہم میں سے نہیں

درس نمبر 16

حضور علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ جب قاضی خوب سوچ سمجھ کر فیصلہ کرے

تو درست فیصلہ کرے تو اس کے لئے دوگنا اجر ہے اور اگر فیصلہ غلط

ہو جائے تو اس کے لئے ایک اجر ہے۔

درس نمبر 17

حضرت علی فرماتے ہیں حضور علیہ السلام نے فرمایا جب تمہارے درمیان 2 آدمی فیصلہ کروانے کے

لئے آئیں تو پہلے کے حق میں فیصلہ نہ کرے یہاں تک کہ دوسرے کی بات نہ سن لے

تو عنقریب تم جان لو گے کہ تم کیسے فیصلہ کرتے ہو حضرت علی کہتے ہیں کہ میں اس کے بات برابر فیصلے کرتا رہا۔

سوال نمبر 18

ہاتھ اور پاؤں کی انگلیوں کا خلال کرنا واجب ہے۔

سوال نمبر 19

اس آیت کا شان نزول یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سرکار علیہ السلام کی بارگاہ میں عرض کی کہ کاش ہم مقام ابراہیم کے پیچھے نماز پڑھتے تو یہ آیت نازل ہوئی ((واتخذوا من مقام ابراھیم مصلّٰی))

سوال نمبر 20

ام المومنین حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کو ڈر ہوا کہ حضور علیہ السلام انہیں طلاق دے دیں گے انہوں نے عرض کیا کہ آپ ہمیں طلاق نہ دیں اور مجھے اپنی بیویوں میں شامل رہنے دیں اور میری باری کا دن حضرت عائشہ کو دے دیں تو آپ نے ایسا ہی کیا۔ تو یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی ((فلا جناح علیھما ---------- الخ))

طویل سوالات

سوال نمبر (1)

حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب غسل جنابت کا ارادہ فرماتے تو ہاتھوں کو برتن میں داخل کرنے سے پہلے دھوتے، پھر شرمگاہ دھوتے اور اپنی نماز کے وضو کی طرح وضو کرتے پھر بال پانی سے بھگوتے پھر اپنے سر پر 3 لپ ڈالتے۔

وضاحت:

اہل علم نے اسی کو اختیار فرمایا ہے کہ وہ پہلے نماز کے وضو کی طرح کا وضو کرے پھر اپنے سر پر 3 بار پانی ڈالے پھر اپنے پورے بدن پر پانی بہائے پھر آخر میں پاؤں دھوئے۔

سوال نمبر (2)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں قبیلہ اسلم کے 1 آدمی نے آکر زنا کا اعتراف کیا آپ نے اس سے منہ پھیر لیا پھر اس نے اقرار کیا آپ نے پھر اس سے منہ پھیر لیا حتی کہ اس نے خود 4 مرتبہ اقرار کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم مجنون ہو؟ اس نے کہا نہیں آپ نے فرمایا کیا تم محصن (شادی شدہ) ہو اس نے کہا ہاں پھر آپ نے اسے رجم کا حکم دیا چنانچہ اسے عیدگاہ کی طرف لے جایا گیا اور رجم کیا گیا جب پتھروں نے اسے نڈھال کر دیا تو بھاگ کھڑا ہوا پھر اسے پکڑا گیا اور رجم کیا گیا یہاں تک کہ وہ مر گیا حضور نے اس کے حق میں کلمہ خیر کہا لیکن جنازہ نہ پڑھا۔

سوال نمبر 3

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا :- پانچ ایسے موذی جانور ہیں جو حرم میں احرام کی حالت میں بھی مارے جا سکتے ہیں چوہا بچھو، کوا، چیل اور کاٹ کھانے والا کتا۔

اور ایک حدیث میں محرم کے لیے سرکش درندوں کو قتل کرنے کی بھی اجازت دی گئی ہے۔

سوال نمبر 4

احناف کے نزدیک :-

شرمگاہ کو چھونے سے غسل واجب نہیں ہوتا۔

دلیل :-

حضور علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ یہ تو گوشت کا ہی ایک لوتھڑا ہے۔

آئمہ ثلاثہ :-

شرمگاہ کو چھونے سے وضو واجب ہو جاتا ہے۔

دلیل :-

حدیث پاک :- جو اپنی شرمگاہ کو چھوئے جو جب تک وضو نہ کرے نماز نہ پڑھے۔

درس نمبر 5

امام اعظم ابو حنیفہ اور امام احمد بن حنبل نے

نے نماز عصر کا صلوۃ وسطی کہا

ہے۔

دلیل:

حدیث پاک ہے کہ صلوۃ وسطی صلوۃ عصر ہے۔

امام شافعی اور امام مالک نے

کے نزدیک نماز فجر صلوۃ وسطی ہے۔

دلیل:

حضرت ابن عمر و ابن عباس رضی اللہ عنہوا نے فجر کو ہی صلوۃ وسطی

کہا ہے۔

CamScanner